Financial Support
مالی معاونت

Chest Heart & Stroke Scotland

Essential Guide
ضروری رہنماء کتابچہ

URDU

یہ ضروری رہنماء کتابچہ چھاتی، دل یا فالج کے مسائل یا طویل کووِڈ کے ساتھ رہنے والے لوگوں کے لیے مالی معاونت کے متعلق ہے۔

یہ بتاتا ہے:

- آپ کی بیماری کی وجہ سے کون سے مالی خدشات سامنے آسکتے ہیں۔
- ایسی مالی معاونت اور بینیفٹس کے متعلق معلومات، جو آپ کے لیے یا آپ کی نگہداشت کرنے والے کسی شخص کے لیے دستیاب ہوں۔

کام اور مالیات

چھاتی، دل، فالج کے مسئلے یا طویل کووِڈ کے ساتھ رہنا آپ کی کام کرنے کی صلاحیت اور آپ کی مالی صورتحال کو بہت متاثر کر سکتا ہے۔

درست معاونت کے ساتھ، کئی لوگ کام کرنا جاری رکھ سکتے ہیں۔ دیگر کے لیے یہ شاید ممکن نہ ہو۔ اگر آپ کام پر واپس آتے ہیں، تو چیسٹ ہارٹ اینڈ سٹروک سکاٹ لینڈ کا **کام پر واپسی** کا ضروری رہنماء کتابچہ ملاحظہ کریں۔

صحت کے طویل مدتی مسئلے والے کسی شخص کی نگہداشت کرنا بھی آپ کی کام کرنے کی صلاحیت اور آپ کی مالی حالت کو متاثر کر سکتا ہے۔

آپ کے جو بھی حالات ہوں، مالی معاونت اور بینیفٹس کی کئی اقسام موجود ہیں، جن آپ رسائی کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔

یرک لاک تفم وک نئال سئاوڈیا یرامہ رپ 9980 108 8080

طویل مدتی بیماری کے اخراجات

اس بات کو پہچاننا اہم ہے کہ صحت کے طویل مدتی مسائل اضافی اخراجات کا سبب بن سکتے ہیں۔

اس بنیاد پر کہ آپ کا فالج، دل کی بیماری یا سانس کا مسئلہ آپ کو کیسے متاثر کرتا ہے، آپ کو درج ذیل چیزوں کے لیے رقم بچانے کی تیاری کرنی پڑ سکتی ہے:

اپوائنٹمنٹس پر آنے جانے اور دیگر سرگرمیوں (مثلاً خریداری) کے لیے سفر کرنے کے لیے نقل و حمل۔

لمبی علامات میں مدد کے لیے معاونتیں اور مطابقتیں۔

نگہداشت کے لیے معاونت یا گھر کے ایسے کاموں، جو آپ اب آسانی سے نہیں کر سکتے، میں معاونت کے لیے گھریلو معاونین کام پر رکھنے کی ضرورت۔

اگر آپ کو مہنگے طبی آلات رکھنے کی ضرورت پڑے، تو انشورنس کے اضافی اخراجات۔

نگہداشت کنندہ ہونا



ایک ”نگہداشت کنندہ“ کوئی بھی ایسا شخص ہوتا ہے، جو بلا معاوضہ نگہداشت فراہم کرتا ہے۔ وہ طویل مدتی بیماری کے حامل کسی شریک حیات، رشتہ دار یا دوست کو معاونت فراہم کرتے ہیں۔ نگہداشت حاصل کرنے والا شخص اس معاونت کے بغیر نہیں رہ سکتا۔ کوئی بھی شخص نگہداشت کنندہ ہو سکتا ہے۔

کسی شخص کی نگہداشت کرنے کا مطلب ہو سکتا ہے کہ آپ کو کم کام کرنا پڑے یا کچھ صورتوں میں پوری طرح کام روکنا پڑے۔ یہ مالی مشکلات پیدا کر سکتا ہے۔ اس سے بچنے کے لیے نگہداشت کنندگان کے لیے مالی معاونت دستیاب ہے۔

نگہداشت کنندہ ہونا ایک پیچیدہ معاملہ ہے۔ تمام نگہداشت کنندگان کو مالی اور جذباتی معاونت حاصل کرنے کا حق حاصل ہے۔ چیسٹ ہارٹ اینڈ سٹروک سکاٹ لینڈ کی اسینشیئل گائیڈ آن کیررز رائیٹس ملاحظہ کریں۔

مالی معاونت

اگر آپ کسی بیماری کے ساتھ رہ رہے ہیں تو آپ مالی معاونت یا کے حقدار ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ بیماری کے حامل کسی شخص کی نگہداشت کر رہے ہیں، تو اس صورت میں بھی آپ بینیفٹس کے حقدار ہو سکتے ہیں۔

اکثر اس حوالے سے کسی سے بات کرنا مفید ہو سکتا ہے کہ آپ کے لیے کون سے مالی بینیفٹس درست ہیں۔ ذاتی ضرورت کے مطابق معلومات کے کچھ ذرائع درج ذیل ہیں:

ایک سوشل ورکر

ایک ویلفیئر رائیٹس افسر

سٹیزنز ایڈوائس سکاٹ لینڈ

ایک مقامی کیئررز سنٹر

رقم کے حوالے سے مشورے کا کوئی مقامی سنٹر

ملازمت کے حقوق کے حوالے سے CHSS **اپنے حقوق جانیں** مشاورتی سروس

زندگی کے اخراجات مشاورتی سروس CHSS

کچھ بینیفٹس "ذرائع پر مبنی" ہوتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کو ملنے والی رقم کا انحصار آپ اور آپ کے خاندان کے پاس موجود بچت اور آمدنی پر ہوتا ہے۔

آپ یا آپ کی نگہداشت کرنے والا کوئی شخص درج ذیل کے لیے اہل ہو سکتے ہیں:

اڈلٹ ڈس ایبلٹی پیمنٹ

اس نے اگست 2022 سے سکاٹ لینڈ میں پرسنل انڈیپینڈنس پیمنٹس (PIP) کی جگہ لی ہے۔ ADP آپ کی معذوری یا صحت کے طویل مدتی مسئلے کی وجہ سے پیدا ہونے والے اخراجات میں معاونت فراہم کرتا ہے۔

یہ بینیفٹ آپ کے ذرائع پر مبنی نہیں ہے (آپ کی آمدنی اور بچت سے آپ کو ملنے والی رقم پر اثر نہیں پڑے گا)۔
یہ دو حصوں میں تقسیم ہوتا ہے: روزمرہ کے اخراجات کے لیے ایک خرچ اور آمد و رفت کے اخراجات کے لیے ایک خرچ۔ آپ ان ادائیگیوں میں سے ایک یا دونوں کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔

پینشن ایج ڈس ایبلٹی پیمنٹ

پینشن ایج ڈس ایبلٹی پیمنٹ نے فروری 2025 سے اسکاٹ لینڈ میں اٹینڈنس الاؤنس کی جگہ لی۔ یہ آپ کو اس صورت میں اضافی رقم دیتی ہے، اگر آپ ریاستی پینشن کی عمر تک پہنچ گئے ہیں اور کسی معذوری یا طویل مدتی بیماری کی وجہ سے نگہداشت کی ضروریات رکھتے ہیں۔ یہ ادائیگی ذرائع پر مبنی نہیں ہوتی۔ آپ کو اس تک رسائی کے لیے ضرورت نہیں کہ کوئی آپ کی نگہداشت کر رہا ہو۔

ایکسیس ٹو ورک

ایکسیس ٹو ورک آپ کو کام حاصل کرنے یا کام پر رہنے میں مدد دے سکتا ہے۔ آپ کو ملنے والی معاونت کا انحصار آپ کی ضروریات پر ہوتا ہے۔ اس میں کام پر عملی معاونت کے لیے ایک گرانٹ یا نوکری کے انٹرویوز پر ابلاغ میں معاونت شامل ہو سکتی ہیں۔ یہ آپ کو کام پر اپنے صحت کو منظم کرنے میں بھی معاونت فراہم کر سکتی ہے ایکسیس ٹو ورک ایسی معقول تبدیلیوں کے لیے ادائیگی نہیں کرے گا، جو آپ کے آجر کو کرنی پڑ سکتی ہیں۔

کیئررز سپورٹ پیمنٹ

اس نے نومبر 2024 سے اسکاٹ لینڈ میں کیئررز الاؤنس کی جگہ لے لی ہے۔ اگر آپ ہر ہفتے 35 گھنٹوں یا زیادہ وقت کے لیے نگہداشت فراہم کرتے ہیں اور ہفتے میں £196 سے کم کماتے ہیں، تو آپ اس بینیفٹ کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ آپ جس شخص کی نگہداشت کرتے ہیں، ان کا بھی مخصوص بینیفٹس کے لیے اہل ہونا ضروری ہے۔
16-18 سال کی عمر کے درمیان نگہداشت کنندگان کوینگ کیئررز گرانٹ تک رسائی حاصل ہو سکتی ہے۔

چائلڈ ڈس ایبلٹی پیمنٹ

اس نے اسکاٹ لینڈ میں رہنے والے بچوں اور نوجوان لوگوں کے لیے ڈس ایبلٹی لونگ الاؤنس کی جگہ لے لی ہے۔ یہ ادائیگی معذوری کے حامل ایک بچے کے ممکنہ اضافی اخراجات کے لیے معاونت فراہم کرتی ہے۔

کمیونٹی کیئر گرانٹ

یہ گرانٹ دستیاب ہوتی ہے، اگر آپ نگہداشت سے نکل رہے ہوں یا آپ کو رہائشی نگہداشت میں داخل ہونے سے بچنے کے لیے مالی معاونت کی ضرورت ہو۔

کونسل ٹیکس ریڈکشن

اگر آپ کی آمدنی کم ہو یا دیگر بینیفٹس حاصل کر رہے ہوں، تو آپ اپنا کونسل ٹیکس بل ادا کرنے میں مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو یونیورسل کریڈٹ ملتا ہے، تو اس کا خودبخود اطلاق ہو جاتا ہے۔

کرائسس گرانٹ

اگر آپ کو حالات میں فوری اور غیر متوقع تبدیلی کا تجربہ ہوا ہو، تو ہو سکتا ہے کہ آپ اپنی مقامی کونسل سے ایک مرتبہ کی ادائیگی حاصل کرنے کے قابل ہوں - مثلاً، طبی ہنگامی حالت کی وجہ سے نوکری کھو دینا۔

ڈسکریشنری ہاؤسنگ پیمنٹس

اگر آپ کے بینیفٹس یا آمدنی کرایے اور رہائش کے لیے کافی نہ ہوں، تو آپ اضافی مالی مدد تک رسائی حاصل کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں ۔ اسے ڈسکریشنری ہاؤسنگ پیمنٹ کہا جاتا ہے۔ آپ اپنی مقامی کونسل کے ذریعے اس کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

نئے طرز کا امپلائمنٹ اینڈ سپورٹ الاؤنس (ESA)

نیا ESA ایک مشترکہ حصے والا بینیفٹ ہے۔ آپ کے لیے عموماً پچھلے 2 سے 3 سال کے دوران نیشنل انشورنس میں حصے ادا کرنا اور/یا کریڈٹ حاصل کرنا ضروری ہوتا ہے۔

پینشن کریڈٹ

اگر آپ 2016 سے پہلے ریاستی پینشن کی عمر تک پہنچ گئے تھے، تو آپ اضافی رقم کا دعویٰ کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں۔ یہ رقم آپ کی آمدنی کو ایک کم از کم رقم تک لانے میں مدد کر سکتی ہے۔ گر آپ 2016 کے بعد پینشن کی عمر تک پہنچے ہیں، تو یہ UC میں شامل کردہ ہوگی۔

سکاٹش اڈلٹ ڈس ایبلٹی لونگ الاؤنس

اس نے اسکاٹ لینڈ میں 1948 سے پہلے پیدا ہونے والے تمام بالغان کے لیے مارچ 2025 سے ڈس ایبلٹی لونگ الاؤنس کی جگہ لے لی ہے۔ یہ بینیفٹ دو حصوں میں تقسیم شدہ ہے: ایک نگہداشت کا عنصر اور ایک حرکت کا عنصر۔ آپ کو ملنے والی ہفتہ وار ادائیگی کا انحصار آپ کو درکار مدد کے درجے پر ہوتا ہے۔

سٹیچوٹری سک پے (SSP)

اگر آپ £120/ہفتہ سے زیادہ کماتے ہیں اور آپ کی بیماری آپ کو کام کرنے سے روکتی ہے، تو آپ ادائیگی کے حقدار ہو سکتے ہیں۔ آپ کے آجر کے لیے ضروری ہے کہ وہ آپ کو 28 ہفتوں تک کی غیر حاضری کے لیے ایک مخصوص رقم ادا کرے۔

یونیورسل کریڈٹ

یونیورسل کریڈٹ (UC) میں دستیاب مرکزی بینیفٹ ہے۔ یہ بینیفٹ دیگر کئی بینیفٹس کی جگہ لیتا ہے - ہاؤسنگ بینیفٹ، انکم سپورٹ، جاب سیکرز الاؤنس اور ٹیکس کریڈٹس۔ یہ باقاعدہ ماہانہ ادائیگی ہے، جو آپ کو آمدنی کم ہونے یا کام نہ ہونے کی صورت میں زندگی کے اخراجات میں مدد دیتی ہے۔

ینگ کیئررز گرانٹ

اگر آپ کی عمر 16 اور 18 سال کے درمیان ہے اور آپ کسی شخص کی نگہداشت کے لیے ہفتے میں 16 گھنٹوں سے زیادہ وقت صرف کرتے ہیں، تو آپ اس بینیفٹ کے لیے اہل ہو سکتے ہیں۔ اس سالانہ ادائیگی کے لیے اہل ہونے کے لیے، آپ کے زیر نگہداشت شخص کو معذوری سے متعلقہ مخصوص بینیفٹس کا وصول کنندہ ہونا چاہیے۔ اسے آپ جس طرح چاہیں استعمال کر سکتے ہیں۔

آپ کے لیے ممکنہ طور پر دستیاب بینیفٹس کے متعلق مزید معلومات یہاں پائی جا سکتی ہیں:

www.gov.uk/financial-help-disabled/disability-and-sickness-benefits

قرضے کے متعلق آگاہی

آپ کو کئی مختلف کمپنیوں اور مالی گروہوں کی جانب سے قلیل مدتی قرضوں (تنخواہ پر قرضہ) یا بینیفٹس ایڈوانسز کی پیشکش کی جا سکتی ہے۔

اس بارے میں باخبر ہونا اہم ہے کہ قانونی طور پر جائز قرضے بھی خطرناک اور نقصان دہ ہو سکتے ہیں۔ تنخواہ پر قرضے اکثر بہت زیادہ شرح سود رکھتے ہیں۔ آپ آسانی سے خود کو پہلے سے زیادہ قرض میں پا سکتے ہیں۔

کوئی بھی قرضہ لینے سے پہلے ہمیشہ تمام شرائط و ضوابط کو غور سے دیکھنا یقینی بنائیں۔ اگر آپ کو یقین نہیں ہے کہ آپ کو ان کی سمجھ آ رہی ہے، تو کسی اور شخص کو بھی انہیں پڑھنا کا کہنے کی کوشش کریں۔

کئی ایسی مفت مالی خدمات بھی موجود ہیں، جو آپ کو بتا سکتی ہیں کہ ایک قرضے سے کیا توقع کی جا سکتی ہے۔ یہ وہ آپ کو یہ بھی بتا سکتے ہیں کہ آیا آپ کے لیے کم واپس ادائیگی کی ضرورت کے ساتھ رقم حاصل کرنے کے لیے دیگر کوئی انتخابات موجود ہیں۔

محفوظ رہنا ہمیشہ بعد میں پچھتانے سے بہتر ہوتا ہے۔

مزید معلومات اور مشورہ

درج ذیل صفحات ایسی کچھ جگہوں کے متعلق بتاتے ہیں، جہاں آپ مالیات کے متعلق معلومات، مشورے اور معاونت کے لیے جا سکتے ہیں۔ آپ کے مقامی علاقے میں مفید معلومات کے دیگر ذرائع بھی ہو سکتے ہیں۔

بینیفٹس کیلکولیٹر

حکومت کی جانب سے فراہم کردہ ایک آن لائن کیلکولیٹر، جو یہ جاننے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے کہ آپ کون سے بینیفٹس کے حقدار ہو سکتے ہیں اور ان کا دعوٰی کیسے کرنا ہے۔

www.gov.uk/browse/benefits/entitlement

کیئررز سکاٹ لینڈ

کیئررز یو کے کا حصہ۔ نگہداشت کنندگان اور ان کے زیر نگہداشت لوگوں کے لیے مشورہ اور معاونت فراہم کرتی ہے۔

ٹیلیفون: 0808 808 7777 (پیر-جمعہ صبح 10-شام4)

www.carersuk.org/scotland

ای میل: advice@carersuk.org

سٹیزنز ایڈوائس سکاٹ لینڈ (CAS)

CAS سکاٹ لینڈ میں واقع ایک سیٹیزنز ایڈوائس بیورو تنظیم ہے۔ یہ مالیات، بینیفٹس، ملازمت، رہائش اور دیگر کئی مسائل کے حوالے سے مفت، رازدارانہ اور غیر جانبدارانہ معلومات فراہم کرتی ہے۔

اپنا مقامی CAS دفتر تلاش کرنے کے لیے یہاں جائیں

www.cas.org.uk/bureaux

آن لائن مشورے اور معلومات کے لیے یہاں جائیں

www.citizensadvice.org.uk/scotland

ہوم انرجی سکاٹ لینڈ

سکاٹش حکومت کی فنڈ یافتہ مفت سروس، جو آپ کے گھر میں حرارت فراہم کرنے اور آپ کے توانائی کے بلز کو کم کرنے میں مدد دینے کے لیے مشورے، معاونت اور گرانٹس کی پیشکش کرتی ہے۔

ٹیلیفون: **0808 808 2282**

www.energysavingtrust.org.uk/scotland

NHS سکاٹ لینڈ ہیلدی ورکنگ لائیوز

آجروں کے لیے جائے کار پر صحت، سلامتی اور بہبود کے حوالے سے مشورہ اور معلومات۔ آجروں کے لیے کئی مفت خدمات فراہم کرتی ہے، بشمول جائے کار کے دورے اور تربیت۔

ٹیلیفون: 0800 019 2211

www.healthyworkinglives.scot

نیشنل ڈَیٹ لائن

قرضے کے مسائل سے نمٹنے کے طریقوں کے متعلق مفت، رازدارانہ اور آزادانہ مشورہ فراہم کرتی ہے۔ آپ نیشنل ڈَیٹ لائن سے فون پر یا ان کی ویب سائٹ پر بذریعہ ویب چیٹ بات کر سکتے ہیں۔

ٹیلیفون: 0808 808 4000 (پیر-جمعہ صبح 9-رات 8، ہفتہ صبح 9:30-دن 1)

www.nationaldebtline.org

ہماری اشاعتیں اسکاٹ لینڈ میں ہر ایک کے لیے PDF اور پرنٹ میں مفت دستیاب ہیں۔
ان سب کو www.chss.org.uk/resources-hub پر دیکھیں

ہماری ایڈوائس لائن ٹیم سے مفت، رازدارانہ مشورے اور مدد کے لیے رابطہ کریں:

0808 801 0899 (پیر تا جمعہ صبح 9 سے شام 4 بجے تک)

ADVICE لکھ کر 66777 پر ٹیکسٹ کریں۔

adviceline@chss.org.uk

اسکاٹ لینڈ میں ہر پانچ میں سے ایک شخص سینے، دل اور فالج کے امراض یا لانگ کووڈ سے متاثر ہوتا ہے۔ یہ جاننے کے لیے www.chss.org.uk/supportus پر جائیں کہ آپ اسکاٹ لینڈ میں مزید لوگوں کی مدد کرنے میں ہماری مدد کیسے کر سکتے ہیں۔

فیڈبیک دینے یا متبادل فارمیٹس کی درخواست کرنے کے لیے، ای میل کریں:

health.information@chss.org.uk

ےنھکید لئاسو مامت ےرامہ
!ںیرک نیکسا ںاہی ےیل ےک

Trusted Information Creator

Chest Heart & Stroke Scotland

نیلج ںیمہ ںیھدآ یگدنز ںیئون

ہدش عئاش: Nov 2025
ینانرظن یلگا: Nov 2028

اکسا ٹشاچیریٹی رمبن (SC018761)

E13-4.0-Nov25

EXX